www.KitaboSunnat.com

کے مزاج کے مطابق اور حالات کے مناسب ۔

(۴) آؤ مدینہ چلیں

نام کتاب — آؤ مدینہ چلیں
مرتب — جناب حافظ نذر احمد صاحب پرنسپل شبلی کالج ۔ لاہور
صفحات — ۱۱۲
قیمت — دو روپے
پتہ — مسلم اکادمی ۲۹/۱۸ محمد نگر اقبال روڈ ۔ لاہور

یہ کتاب بھی جناب حافظ نذر احمد صاحب کا سفرنامہ ہے اور دس سفرناموں سے ماخوذ ہے ۔

آؤ مدینہ چلیں پڑھ کر واقعی محسوس ہوتا ہے کہ قاری ان ہی گلیوں ، وادیوں ، راستوں اور مقامات مقدسہ میں پہنچ گیا ہے جو انبیاء کرام ، صلحاء عظام ، خلیل اللہ اور حضرت خاتم النبیین کے نقوش پاک کے امین ہیں ۔ حافظ صاحب کو خدا نے سلیقہ سے مرتب کرنے کی جو استعداد عطا کی ہے یہ اس کا ایک دلچسپ نمونہ ہے ۔

حج کیسے کیا جائے ، اور اس سلسلہ میں اس کی ترتیب کیا ہے ، کہاں کہاں کیا کرنا پڑتا ہے ، کہاں کہاں سے گزرنا ہوتا ہے ۔ پہلے کیا آتا ہے ، اس کے بعد کیا ۔ اس سفر میں کن امور کو ملحوظ رکھنا ضروری ہوتا ہے ، انتظامی مشکلات کیا پیش آتی ہیں اور ان کا کیا حل ہوتا ہے ۔ مقامات مقدسہ کی پوری تفصیل ملتی ہے ۔ حجاز مقدس کے لیے پاکستان سے بحری ، بری اور فضائی راستوں اور متعلقہ امور کا پورا خاکہ درج ہے ۔

الغرض ! جو خوش نصیب حج کو جاتے ہیں وہ اس کو اپنے پاس رکھیں گے تو ان کو یہ بہترین رفیق سفر اور حج کا رہنما پائیں گے اور جو کسی مجبوری کی بنا پر نہیں جا سکتے وہ اسے پڑھ کر مکہ مدینہ کی سیر کر سکتے ہیں ۔

(عزیز زبیدی)

۵ ۔ شرعی داڑھی

نام کتاب — شرعی داڑھی
مؤلف — حضرت مولانا عبدالقادر عارف حصاری

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ